# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^

**Text of Morning Urdu news Bulletin**
**Time 09:25/09:30 AM**
**Date: 27 July 2026**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں بھارت گل

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے امتحانات میں اصلاحات لانے کی غرض سے معروف ٹیکنالوجی ایکسپرٹ **Nandan Nilekani** کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطح کا ٹاسک فورس قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔
اپنے ایک ویڈیو پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ یہ ٹاسک فورس امتحانات میں اصلاحات کو یقینی بنانے کی طرف توجہ مرکوز کرے گا اور اس کی رپورٹ کی بنیاد پر لازمی اقدامات کئے جائیں گے تاکہ آنے والے امتحانات کی اعتباریت کو یقینی بنایا جاسکے۔

............**Byte PM**..................

بِل

حکومت آج لوک سبھا میں پبلک **Examinations** ایمنڈمنٹ بِل **2026** پیش کررہی ہے۔ یہ بِل مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ ایوان میں پیش کررہے ہیں، جس کا مقصد پبلک ایگزامنیشنز ایکٹ **2024** میں ترمیم کرنا ہے۔ واضح رہے کہ مرکزی کابینہ نے پیپر لیکس اور امتحانات

میں دھاندلیوں کے معاملات میں سخت سزا دلانے کی غرض سے فاسٹ ٹریک عدالتیں قائم کرنے سے متعلق مسودہ بِل کو پچھلے جمعہ کو منظوری دی تھی۔

## من کی بات

وزیراعظم نریندر مودی نے کل اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے **136** ویں شمارے کے دوران مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے خاص طور سے کرگل وجے دیوس کا ذکر کیا اور اس جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے فوجی جوانوں کو خراج عقیدت ادا کیا۔ وزیراعظم نے **Vocal for Local** جذبے کو تقویت بخشنے پر زور دیتے ہوئے کشمیر میں تیار کئے جانے والے گھاس کی چٹائی ''وگو'' کا ذکر کیا۔ انہوں نے کشمیری دستکار غلام حسن اور اُن کی بیٹی تنزیلا کی سراہنا کی۔

## ایل جی تہوار

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل تیرتھ راج لوک بھون اننت ناگ میں **Harbah** تہوار کے موقعے پر ماتا سِدھی لکشمی مندر پر حاضری دی۔ اس موقعے پر ایل جی نے کہا کہ یہ پوِتر استھاپن صدیوں سے آپسی رواداری اور عقیدے کا ایک گہوارہ رہا ہے اور ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ اصل طاقت روحانی اقدار اور ہمدردی کے جذبے میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ **Harbah** تہوار عقیدت، شکرگذاری اور من کی شانتی حاصل کرنے کا ایک اہم موقع ہے۔

## ایل جی ملاقات

ہندو ایجوکیشن سوسائٹی کشمیر کا ایک وفد اس کے صدر پروفیسر بی ایل زتشی کی قیادت میں لوک بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقی ہوا۔ دریں اثنا امریکہ میں مقیم ایک غیر سرکاری تنظیم ''کاشر راگ'' کے بانی اروند متو نے بھی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی اور تنظیم کی طرف سے جموں وکشمیر کے ثقافتی ورثے کو تحفظ اور فروغ دینے کیلئے کئے جارہے اقدامات کے بارے میں جانکاری دی۔

## یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے تحت اب تک **4** لاکھ سے زائد یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی ہے اور یہ یاترا کیلئے ایک سنگِ میل مانا جا رہا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جانکاری دی ہے کہ کل شام تک مجموعی طور پر **4** لاکھ **14** ہزار یاتریوں نے گپھا کے درشن کئے ہیں۔ ایل جی نے اس یاترا کو کامیاب بنانے میں تمام متعلقین کا شکریہ ادا کیا ہے۔

## شاہراہ

ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ کل رات سرینگر جموں قومی شاہراہ پر **Dewal** کے مقام پر تازہ پسیاں گرآنے کی وجہ سے کچھ گھنٹوں کے لئے شاہراہ کو بند کیا گیا تھا۔ تاہم متعلقہ ایجنسیوں کی بروقت کارروائی سے اب شاہراہ کو قابل آمدورفت بنایا گیا ہے۔ آج صبح پہلے شری امرناتھ جی یاترا پر آنے والے یاتریوں کو شاہراہ پر سفر کرنے کی اجازت دی گئی، جس کے بعد شاہراہ کو دیگر گاڑیوں کیلئے بھی کھول دیا گیا۔

## اسکول

وادی کشمیر اور جموں کے سرمائی زون میں سرکاری اور تسلیم شدہ غیر سرکاری اسکول آج سے درس و تدریس کیلئے دوبارہ کھل رہے ہیں۔ تعلیمی ادارے **6** جولائی سے گرمائی تعطیلات کیلئے بند کئے گئے تھے۔ تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے حالیہ بارشوں سے پیدا شدہ سیلابی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے تمام متعلقہ زونل ایجوکیشن افسران کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ضرورت کے مطابق اقدام کریں تاکہ طلباء کو کسی قسم کی دقتیں درپیش نہ ہوں۔

## درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **18** اعشاریہ **9** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **25** اعشاریہ **8** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا سے گیا۔

**Closing**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔**

**خدا حافظ**